وزیرِ خارجہ کی کینیڈا کی وزیرِ خارجہ انیتا آنند سے ملاقات

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے آج نئی دہلی میں کینیڈا کی وزیرِ خارجہ محترمہ انیتا آنند سے ملاقات کی.

2. میٹنگ کے دوران، دونوں وزراء نے بھارت- کینیڈا تزویراتی شراکت داری کے اہم علاقوں میں دو طرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور تعاون کو فروغ دینے کے لئے جاری کوششوں کا جائزہ لیا. دونوں وزرائے خارجہ نے سلامتی اور دفاعی تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے ساتھ ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون کو وسعت دینے کے حوالے سے تفصیلی تبادلۂ خیال کیا.

3. وزراء نے اپنی اقتصادی شراکت داری کو مزید وسیع کرنے، دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے اور تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی، عوامی سطح پر باہمی روابط اور کثیرالجہتی فورمز میں تعاون کو آگے بڑھانے کے مواقع پر بھی تبادلۂ خیال کیا. انہوں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی اپنے نقطۂ نظر کا تبادلہ کیا.

4. دونوں وزرائے خارجہ نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط کے تسلسل کو برقرار رکھنا اور ان روابط کو ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنا اہم ہے. انہوں نے جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے (CEPA) پر مذاکرات کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کی سمت میں ہونے والی پیش رفت کی بھی ستائش کی.

5. اس ملاقات کے دوران دونوں فریقوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ ایک تعمیری اور مستقبل پر مرکوز شراکت داری کو آگے بڑھائیں گے، جو بھارت اور کینیڈا کے عوام کے لیے ٹھوس فوائد کا باعث بنے.

نئی دہلی
اکتوبر 14، 2026